## پاکستان کے تمام محروم اورمظلوم لوگوں کومتحد ہوکرانقلاب کی جدوجہد کرنی ہوگی، الطاف حسین

## جب تک پاکستان میں غریب ومتوسط طبقہ کی حکمرانی کا انقلاب نہیں آجاتا، ایم کیوایم کی جدوجہد جاری رہے گی

## اقتدار یا حکمرانی کے حصول کیلئے نہیں بلکہ دکھی انسانیت کی عملی خدمت کرنا ایم کیوایم کا نصب العین ہے

## ایم کیوایم شعبہ اطلاعات کے تحت تحریکی ڈرامہ ”جہد مسلسل“ کی تقریب رونمائی سے ٹیلی فونک خطاب

لندن۔۔۔15، مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ملک کی دولت کو بیدردی سے لوٹ کر غریبوں کا خون چوسنے والوں کے خلاف پاکستان کے تمام محروم اور مظلوم لوگوں کو متحد ہونا ہوگا اور متحد ہوکر انقلاب کی جدوجہد کرنی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ جب تک پاکستان میں غریب ومتوسط طبقہ کی حکمرانی کا انقلاب نہیں آجاتا اور ملک وقوم کو قومی دولت لوٹنے والے جاگیرداروں، وڈیروں اور سرمایہ داروں سے نجات نہیں مل جاتی، ایم کیوایم کی جدوجہد جاری رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی خدمت کرنا ایم کیوایم کا نصب العین ہے اور ایم کیوایم اقتدار یا حکمرانی کے حصول کیلئے نہیں بلکہ دکھی انسانیت کی عملی خدمت کیلئے سیاست کررہی ہے۔ یہ بات انہوں نے ایم کیوایم شعبہ اطلاعات کے تحت تحریکی جدوجہد پر مبنی تمثیل ”جہد مسلسل“ کی تقریب رونمائی سے ٹیلی فونک خطاب کرتے ہوئے کہی۔ تقریب رونمائی کراچی کے علاوہ سندھ کے تمام شہروں، اندرون سندھ، صوبہ پنجاب، بلوچستان، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان سمیت 30 شہروں میں بیک وقت منعقد ہوئیں جن میں لاکھوں افراد نے شرکت کی۔ جناب الطاف حسین کے خطاب 30 شہروں میں تحریکی ڈرامہ ”جہد مسلسل“ پروجیکٹر کی مدد سے دکھایا گیا جسے حاضرین نے بے حد پسند کیا۔ اپنے خطاب میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ انسان جب پیدا ہوتا ہے تو آخری سانس تک اس کی زندگی ایک مسلسل جدوجہد کے عمل سے گزرتی رہتی ہے اور اللہ تبارک تعالیٰ اور تمام انبیائے کرامؑ کی تعلیمات کا گہرائی سے جائزہ لیا جائے تو ان تعلیمات میں بھی جہد مسلسل کا درس ملتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قرآن مجید میں اللہ تبارک تعالیٰ لوگوں کو بار بار جہد مسلسل، انسانیت کی فلاح و بہبود اور انسانیت کی خدمت کا درس دیتا ہے اور قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ خدا نے اس قوم کی حالت نہیں بدلی جو قوم خود اپنی حالت بدلنا نہ چاہے۔ انہوں نے کہا کہ قیام پاکستان سے لیکر آج کے دن تک پاکستان کے عوام کی اکثریت مشکلات، دشواریوں، پریشانیوں، انگنت مسائل کا شکار رہی ہے اور ملک پر چند خاندان نسل در نسل حکمرانی کرتے چلے آرہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک وقوم آج جن بحرانوں کا سامنا کررہی ہے، ہم اس کا الزام ایک دوسرے پر لگاتے رہے ہیں۔ بحیثیت پاکستانی شہری ہم نے کبھی اس بات پر غور نہیں کیا کہ ملک وقوم کی ترقی کیلئے ہماری اپنی کیا کیا ذمہ داریاں اور فرائض ہیں؟ ہمیں اس پر غور کرنا چاہئے اور ایک دوسرے پر الزام تراشیاں کرنے کے بجائے اپنے اپنے اعمال کا جائزہ لینا چاہئے کہ آیا ہم جو کہتے ہیں کیا ہم اس پر خود بھی عمل کرتے ہیں یا نہیں؟ آیا ہم صرف دوسروں کو نصیحت کرتے ہیں اور ان پر خود عمل نہیں کرتے ہیں یا نہیں؟ جناب الطاف حسین نے کہا کہ اگر پاکستان کی 63 سالہ تاریخ کا جائزہ لیں کہ ہم نے کیا پایا کیا کھویا تو ہمیں یہ نظر آئے گا کہ ہم نے پایا بہت کم لیکن کھویا بہت زیادہ ہے حتیٰ کہ ملک کا آدھا حصہ گنوادیا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ آج پاکستان کے 98 فیصد غریب ومظلوم عوام مہنگائی کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں بجلی کی لوڈشیڈنگ کا مسئلہ ان کے سامنے ہے، مہنگائی، بیروزگاری، صحت کی سہولتوں کی عدم دستیابی، تعلیم کا دوہرا معیار ہے اور جگہ جگہ پاکستانی عوام مسائل کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم مسائل کا رونا تو روتے ہیں مگر عوام کی فلاح و بہبود اور ملک کی ترقی وخوشحالی کیلئے کوئی عملی کردار ادا نہیں کرتے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام ہر انتخابات میں ان لوگوں کو منتخب کراتے ہیں جو ملک کی دولت لوٹنے اور ملک کو بلواسطہ یا بلاواسطہ نقصان پہنچانے کے ذمہ دار ہیں، ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی اور بیروزگاری کے ذمہ دار ہیں اور بنکوں سے اربوں کھربوں روپے کے قرضے لیکر معاف کراکر ملک کے خزانہ لوٹنے کے ذمہ دار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قیام پاکستان کیلئے لاکھوں افراد نے اپنے گھر بار اور جان ومال کی قربانی دی لیکن ہم پاکستان کو مضبوط ومستحکم بنانے کیلئے وہ کردار ادا نہیں کررہے جس کے نتیجے میں آج پاکستان کو اتنا مضبوط ہوجانا چاہئے تھا کہ دنیا کی کوئی بھی طاقت وطن عزیز پر میلی نگاہ ڈالنے کی جرات نہ کرسکے۔ انہوں نے کہا کہ مایوس ہوئے بغیر ملک وقوم کی ترقی کیلئے جہد مسلسل کرتے رہنا چاہئے کیونکہ قوموں کی تقدیریں فرشتے تبدیل نہیں کیا کرتے بلکہ قوم کے افراد ہی تبدیل کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج بیروزگاری کی وجہ سے لوگ اپنے بچوں کو بیچنے اور خودکشی کرنے پر مجبور ہیں، جہیز کی لعنت کے باعث لاکھوں بہنیں اپنے ہاتھ پیلے ہونے کے انتظار میں بوڑھی ہوچکی ہے۔ انہوں نے ملک بھر کے عوام سے اپیل کی کہ وہ متحد ہوجائیں اور غریبوں کی حکمرانی کے انقلاب کی تیاریاں کریں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو لوٹنے والے بااثر لوگ ہیں جو غریبوں کا خون چوس رہے ہیں اور ان کے خلاف پاکستان کے تمام محروم اور مظلوم لوگوں کو متحد ہونا ہوگا اور متحد ہوکر انقلاب لانا پڑے گا۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کے تین شہروں میں ہونے والے کنونشن سے میرے خطاب پر بعض جاگیرداروں اور وڈیروں نے تنقید کی لیکن میں آج ایک مرتبہ پھر واشگاف الفاظ میں کہتا ہوں ایم کیوایم اقتدار میں آنے کے بعد وڈیروں، جاگیرادروں اور ملک کی دولت لوٹنے والوں کی تمام جائیدادیں فروخت کرکے وہ تمام رقم پاکستان کے خزانے میں جمع کرائے گی۔

انہوں نے کہا کہ یہ تحریکی کہانی جہد مسلسل صرف ایک ڈرامہ نہیں بلکہ حقیقت ہے۔ایم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہد 36 برسوں سے جاری ہے اور یہ جدوجہد اس وقت تک جاری رہے گی جب تک ملک میں غریب ومتوسط طبقہ کی حکمرانی کا انقلاب نہیں آجاتا۔انہوں نے کہا کہ الطاف حسین ملک میں بسنے والے تمام شہریوں کی بلاامتیاز رنگ ونسل، زبان، عقیدہ اور مذہب خدمت اوران کے حقوق دلانے کی جدوجہد میں مصروف ہے اورآخری سانس تک ان کے حقوق دلانے کی جدوجہد کرتا رہے گا۔ایم کیوایم غریب ومتوسط طبقہ کی جماعت ہے جوصوبہ بلوچستان،صوبہ خیبر پختونخواہو،صوبہ سندھ،صوبہ پنجاب،آزادکشمیر،گلگت بلتستان،جنوبی پنجاب اور ہزاروال سے تعلق رکھنے والے افراد اورتمام مذاہب کے ماننے والوں کوان کے حقوق دلائے گی۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ہی اس ملک اوراس کے عوام کی بہتر سے بہتر خدمت کرکے دکھائے گی اور پاکستان کی ترقی وخوشحالی کیلئے جدوجہد کرکے ملک وقوم کوایسی جگہ لاکرکھڑا کردے گی کہ کوئی پاکستان کی جانب میلی آنکھ سے نہ دیکھ سکے۔انہوں نے مزید کہا کہ ہنزہ کی سیلاب کی کیفیت ہے اور لینڈ سلائیڈنگ کے باعث مقامی آبادی شدید مشکلات کا شکار ہے،ان کی امداد کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے امدادی کیمپ لگایا گیا ہے۔انشاءاللہ ایم کیوایم، ملک کے گوشے گوشے میں جہاں جہاں عوام مشکلات کا شکار ہیں،اپنی بساط سے بڑھ کران کی امداد کرتی رہے گی۔جناب الطاف حسین نے شعبہ اطلاعات کے تحت تیار کی گئی تحریکی کہانی جہد مسلسل کو شاہکار ڈرامہ قرار دیتے ہوئے اس ڈرامہ میں حصہ والے والے تمام فنکاروں،اسکرپٹ رائٹر،ڈائریکٹر،پروڈیوسر،تمام ٹیکنیشنز،ایم کیوایم شعبہ اطلاعات بالخصوص ویڈیوسکشن کے انچارج واراکین کوزبردست خراج تحسین پیش کیا۔انہوں نے حق پرستی کی جدوجہد میں ایم کیوایم سے بھرپور تعاون کرنے پر پرنٹ اورالیکٹرانک میڈیا کے تمام مالکان،اینکر پرسن، صحافیوں،کالم نگاروں اوردانشوروں کا خلوص دل کے ساتھ شکریہ ادا کیا اورانہیں زبردست خراج تحسین بھی پیش کیا۔

## ڈرامہ جہد مسلسل/مقررین کا خطاب

کراچی(اسٹاف رپورٹر)

ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ووفاقی وزیرسمندر پار پاکستانی ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ پاکستان بنانے اوراسے بچانے والوں کی جماعت ہے۔ تحریکی ڈرامہ ''جہد مسلسل''اس بات کا ایک اورثبوت ہے کہ ایم کیوایم پاکستان کی مختلف اورمنفرد سیاسی جماعت ہے اور یہ کوئی روایتی سیاسی جماعت نہیں ہیں،ایک تحریک اور انقلاب کی نوید ہے۔یہ بات انہوں نے لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں ایم کیوایم شعبہ اطلاعات کے زیراہتمام بنائے گئے ڈرامہ جہد مسلسل کی تقریب رونمائی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ میرٹ اورصلاحیت پاکستان میں میں سب کے آگے دیکھنا چاہتے ہیں آئندہ پاکستان کی سیاست میں ایم کیوایم ہی اپنا وجود رکھ سکے گی اور پہلے نمبر کی سیاسی جماعت ہوگی۔ایم کیوایم نے مواصلات اورابلاغ کے ذریعے ٹیکنالوجی کا جادواختیار کیا ہے اس حوالے سے ایم کیوایم واحد جماعت ہے۔فاروق ستار نے کہا کہ قائد تحریک عوام کو بااختیار بنانا چاہتے ہیں اس ملک میں حقیقی معنوں میں جاگیردارانہ اوروڈیرانہ نظام ختم کرکے عام آدمی کوشریک اقتدار کرنا چاہتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ 2013 میں ملک کا اقتدار متوسط طبقے کومنتقل ہونے والا ہے۔مقابلے کے اس دور میں ہم پاکستان کے عوام کوٹیکنالوجی دیکر پاکستان میں ایک ذہنی انقلاب لانا چاہتے ہیں اگرلوڈشیڈنگ کا خاتمہ ہوگا تو یہ بھی ٹیکنالوجی کے اصول سے ختم ہوگا،اگرغربت اورمہنگائی کی لعنت سے بھی نجات صرف اورصرف ٹیکنالوجی کے حصول کے ذریعے ممکن ہوگا۔انہوں نے کہا کہ پنجاب نے سب کوآزمایا ہے ایک بارایم کیوایم کوآزمائے۔ٹیکنالوجی دو فیصد مراعات یافتہ طبقے کی میراث نہیں ہوگی اس پرمتوسط طبقے کا یکساں حق ہوگا۔ہم پاکستان کو حقیقی معنوں میں قائداعظم کا فلاحی،جدیداورخوشحال پاکستان بنائیں گے۔اب تو فنکار طبقہ بھی ہمارے ساتھ ہے۔پاکستان ہمیں سونے کی طشتری میں نہیں ملا تھا بلکہ اس کے لئے بیش بہا قربانیاں دی گئیں ہیں'جہد مسلسل'' کا تقاضہ ہے کہ کالے انگریزوں سے پاکستان کوجلدآزاد کرایا جائے۔رابطہ کمیٹی کے رکن ایم کیوایم کے مرکزی شعبہ اطلاعات کے انچارج قاسم علی رضا نے جہد مسلسل تیار کرنے والی ٹیم کومبارکباددی اور کہا کہ انہوں نے فکرالطاف کے فروغ کے لئے اپنی صلاحیتوں کا شاندار مظاہرہ کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ جہد مسلسل کسی فردواحد کی کہانی نہیں ہے بلکہ ایم کیوایم کے ایک ایک کارکن کی کہانی ہے جس میں تحریکی ساتھیوں کے ساتھ پیش آنے والے گھریلو پریشانیوں،نامساعد حالات اور ان کے عزم اورحوصلہ کو بیان کیا گیا ہے مجھے کامل یقین ہے کہ اس کے دوررس نتائج برآمد ہوں گے اورڈرامہ ایک عمل انگیز کا کردار ادا کریگا۔ہم الطاف حسین کا پیغام ملک کے چپے چپے میں پھیلانے کیلئے جدوجہد کرتے رہیں گے۔ایک فنکار حق پرستی کا انقلاب لاسکتا ہے میرا ایمان ہے کہ ایسا سیاست دان ہرگزنہیں کرسکتے۔انہوں نے کہا کہ جس پیغام کولیکر کارکن چل رہے تھے اب اس پیغام کا پرچم فنکاروں نے اٹھالیا ہے۔اب فرسودہ جاگیردارانہ اوروڈیرانہ نظام کے دن گنے جاچکے ہیں۔یہ تحریکی کھیل اورکہانی تحریک پاکستان سے لیکرآج تک کے دن کا تسلسل ہے اس کھیل کا نام جہد مسلسل رکھا گیا آج پاکستان کوبچانے اورسلامتی کے جدوجہد کی جارہی ہے۔انہوں نے کہا کہ دامن اور ہاتھ پھیلانے کا وقت چلا گیا اب ملک کے عوام صرف ایک نعرہ اورامید کی ایک ہی کرن دیکھ رہے ہیں کہ ملک ملک کی بقاء وسلامتی کیلئے کوئی جدوجہد کرسکتا ہے تو صرف اورصرف جناب الطاف حسین ہیں۔الطاف حسین ہی ملک کی خوشحالی اورسلامتی کیلئے جدوجہد کررہے ہیں۔اب پاکستان کی طرف کوئی میلی آنکھ سے دیکھنے کی کوشش نہیں کرسکتا۔

## ایم کیوایم شعبہ اطلاعات کے تحت تحریکی اور اصلاحی ڈرامہ جہد مسلسل کی تقریب رونمائی کردی گئی

## کراچی سمیت 30 سے زائد شہروں میں بیک وقت اجتماعات کا انعقاد اور بیک وقت تقریب رونمائی

## ملک بھر کے لاکھوں عوام نے ڈرامہ کو اجتماعات میں بڑی بری اسکرینوں کے ذریعے دیکھا

کراچی (اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے شعبہ اطلاعات کی جانب سے تحریکی اور اصلاحی ڈرامہ جہد مسلسل کی تقریب رونمائی ہفتے کے روز کراچی سمیت، سندھ بھر کے 18 زونوں کے علاوہ، اسلام آباد، پنجاب، خیبر پختونخواہ، بلوچستان، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کے 30 سے زائد شہروں میں بیک وقت منعقد کی گئی اور بڑی بڑی اسکرینوں پر یہ ڈرامہ شرکاء کے ملاحظہ کیلئے پیش کیا گیا۔تقریب سے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لندن سے بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کیا۔اس سلسلے میں مرکزی تقریب رونمائی کراچی میں لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں منعقد ہوئی جہاں پنڈال میں 30X30 کی ایک مرکزی اسکرین اور پنڈال کے اطراف میں 15X20 کی چار بڑی اسکرینوں پر یہ ڈرامہ دکھایا گیا جسے ہزاروں افراد نے دیکھا۔پنڈال میں بڑی اسکرین لگائی گئی تھی جس پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی دیدہ زیب تصویر کے ساتھ عقب میں پاکستان اور ایم کیوایم کے پرچم کے امتزاج کے ساتھ صوبہ سندھ، پنجاب، خیبر پختونخوا، بلوچستان، گلگت بلتستان اور کشمیر کو واضح طور پر دکھایا گیا اور ان پر ایم کیوایم کے پرچم لہراتے ہوئے دکھائی گئے تھے جبکہ اسکرین پر ''جہد مسلسل، تحریکی جدوجہد پر مبنی کہانی'' تقریب رونمائی بانی قائد تحریک جناب الطاف حسین'' جلی حروف میں تحریر تھا۔ڈرامہ کی تقریب رونمائی میں شرکاء نے سفید کرتے پاجامے اور شلوار قمیض میں شرکت کی جس کے باعث پنڈال امن کے سفیر کا سا منظر پیش کررہا تھا۔ڈرامہ کی تقریب رونمائی میں حق پرست شہداء، اسیروں اور لاپتہ کارکنوں کے لواحقین اور اہل خانہ، ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی، حق پرست وزراء، ارکان اسمبلی، سابق حق پرست ٹاؤن ناظمین کے علاوہ ڈرامہ میں اپنی اداکاری اور فنکاری کے جوہر دکھانے والے فنکاروں نے بھی شرکت کی جن کے لئے علیحدہ مخصوص نشستوں کا اہتمام کیا گیا تھا۔پنڈال کو ایم کیوایم کے پرچموں اور برقی قمقموں سے سجایا گیا تھا جس کے باعث غروب آفتاب کے باعث پنڈال اور اطراف کا علاقہ جگمگا اٹھا۔تقریب رونمائی کا باقاعدہ آغاز 8 بجے تلاوت کلام پاک سے کیا گیا جس کی سعادت سلیم اختر نے حاصل کی۔تقریب رونمائی سے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار اور ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن قاسم علی رضا نے بھی خطاب کیا۔قائد تحریک جناب حسین ٹھیک 8 بجکر 40 منٹ پر کراچی سمیت 30 سے زائد شہروں میں منعقدہ اجتماعات میں بیک وقت فون لائن پر آئے تو شرکاء میں جوش وخروش کی لہر دوڑ گئی اور کراچی سمیت ملک بھر کی فضائیں ایم کیوایم کے نعروں سے گونج اٹھی۔اس موقع پر اجتماعات میں ایم کیوایم کا ترانہ ''ساتھی'' بھی بجایا گیا جس کا شرکاء نے اپنی نشستوں سے کھڑے ہوکر ساتھ دیا اور آخر میں ایم کیوایم اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے حق میں پرجوش انداز میں فلک شگاف نعرے لگائے جس کا سلسلہ کافی دیر تک جاری رہا۔ایم کیوایم شعبہ اطلاعات کے تحت تیار کئے گئے اس ڈرامہ کی ملک بھر میں 30 سے زائد شہروں میں بیک وقت رونمائی اور اس سلسلے میں منعقد ہونے والے اجتماعات نے ڈرامہ کی مقبولیت کو چار چاند لگادیئے اور ڈرامہ پر ملک بھر میں لوگ آپس میں تعریفی کلمات کے ساتھ تبادلہ خیال کرتے رہے۔

## ایم کیوایم کے تحت تیار کئے گئے ڈرامہ جہد مسلسل کی تقریب رونمائی میں فلم، ٹی وی، اسٹیج کے نامور فنکاروں، پروڈیوسرز، ڈائریکٹرز کی شرکت

کراچی (اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ اطلاعات کے تحت تیار کردہ تمثیلی کھیل جہد مسلسل کی تقریب رونمائی میں فلم، ٹی وی اور اسٹیج کے نامور فنکاروں، پروڈیوسرز، ڈائریکٹرز اور ٹیکنیشنز کے علاوہ گلوکاروں کی بھی بڑی تعداد موجود تھیں جن میں ممتاز ڈرامہ نویس محترمہ فاطمہ ثریا بجیا، اداکار انور اقبال، اداکار عمر شریف، شفیق الرحمٰن پی ٹی وی، اسٹیج فنکار روف لالہ، رائٹر ابن آس، اداکار وکمپیئر اور اینکر وسیم حیدر، فلم ایکٹر سعود، اداکار اکبر، ڈائریکٹر سفیان اسد ملک، گلوکار حسن جہانگیر، گلوکار ارشد محمود، گلوکار خالد ظفر، اسٹیج فنکار شہزاد رضا، ایاز خان، ٹی وی پروڈیوسر اقبال لطیف، اداکار شکیل صدیقی، اداکار عارف حسن، سیکٹری آرٹس کونسل پاکستان کراچی احمد شاہ، اداکار پرویز صدیقی، اداکار سلیم شیخ، اداکار ہنی، میک اپ آرٹسٹ کمال الدین، اداکارہ غزالہ جاوید، اداکار شبیر جان، مصنف ارشد حسین اور دیگر شامل ہیں۔

## ''جہد مسلسل''/ جھلکیاں

کراچی (اسٹاف رپورٹر)

☆ متحدہ قومی موومنٹ کے شعبہ اطلاعات کے زیر اہتمام بنائے گئے تحریکی جدوجہد پر مبنی ڈرامہ ''جہد مسلسل'' کی تقریب رونمائی ہفتے کی شب لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں منعقد کی گئی۔

☆ ڈرامہ ''جہد مسلسل'' کی تقریب رونمائی کراچی سمیت سندھ پنجاب، خیبر پختون خواہ، بلوچستان، آزاد کشمیر، گلگت بلتستان میں 30 سے زائد شہروں میں بیک وقت جلسہ منعقد ہوا تحریکی جدوجہد پر مبنی ڈرامہ ڈرامہ ''جہد مسلسل'' بڑی اسکرینیوں پر دکھایا گیا۔

☆ تحریکی جدوجہد پر مبنی ڈرامہ ''جہد مسلسل'' کی تقریب رونمائی کے پر مسرت موقع پر لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں واقعہ پنڈال میں زبردست انتظامات کیے گئے تھے، لال قلعہ گراؤنڈ میں ایک خوبصورت پنڈال بنایا گیا تھا جس میں شرکاء کیلئے فرشی نشستوں کا اہتمام کیا گیا تھا۔

☆ پنڈال کے سامنے اسکرین لگا کر اسٹیک بنایا گیا تھا، اسکرین پر ''جہد مسلسل'' جلی حرف میں (تحریکی جدوجہد پر مبنی کہانی تحریر تھا)

☆ اسٹیج پر رابطہ کمیٹی کے ارکان کیلئے فرشی نشستوں کا اہتمام کیا گیا تھا۔ جبکہ اسٹیج کے دائیں جانب صحافیوں کیلئے پریس گیلری بنائی گئی تھی جہاں پر الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا کے نمائندے تحریکی ڈرامہ جہد مسلسل کی کوورتج کیلئے بڑی تعداد میں موجود تھے۔

☆ جہد مسلسل کی تقریب رونمائی کے سلسلے میں لال قلعہ گراؤنڈ کو ایم کیو ایم کے پرچموں اور برقی قمقموں اور جھالروں سے انتہائی خوبصورتی کے ساتھ سجایا گیا تھا جبکہ پنڈال میں موجود ہزاروں کی تعداد میں شرکاء سفید کلر کے شلوار قمیض اور پجامہ زیب تن کیے ہوئے تھے۔

☆ جلسہ گاہ میں اسٹیج پر رابطہ کمیٹی ڈپٹی کنو یز ز ڈاکٹر فاروق ستار، انیس قائم خانی اور اراکین رابطہ کمیٹی کنور خالد یونس، ڈاکٹر نصرت، رضا ہارون، کنور نوید جمیل، ڈاکٹر صغیر احمد ، سلیم تاجک، قاسم علی رضا، نیک محمد، اشفاق منگی، مصطفیٰ کمال، شعیب بخاری، کیف الوریٰ واسع جلیل اور ممتاز انوار موجود تھیں۔

☆ اجتماع کا آغاز ٹھیک 8:00 بجے تلاوت قرآن پاک سے ایم کیو ایم علماء کمیٹی کے جوائنٹ انچارج سلیم اختر نے کیا۔

☆ ٹھیک 8 بجکر 40 منٹ پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی آمد کا اعلان ہوا۔ اس موقع پر ایم کیو ایم کا مشہور ترانہ ''مظلوموں کا ساتھی ہے......الطاف حسین'' بجایا گیا۔ پنڈال میں موجود ایم کیو ایم کے کارکنان نے اپنی فرشستوں پر کھڑے ہو کر انتہائی پرجوش انداز تالیاں بجا کر اور فلک شگاف نعروں سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کا استقبال کیا۔

☆ تحریکی جدوجہد پر مبنی ڈرامہ ''جہد مسلسل'' لال قلعہ گراؤنڈ میں شرکاء کو دکھایا گیا، تحریکی جدوجہد پر مبنی ڈرامہ ''جہد مسلسل'' 50 منٹ دورانیہ پر مشتمل تھا۔

☆ ایم کیو ایم شعبہ اطلاعات کی جانب سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کو تحریکی ڈرامہ جہد مسلسل کی یادگار شیلڈ پیش کی گئی، جس کو رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو یز ز نے ڈاکٹر فاروق ستار اور انیس قائم خانی نے وصول کیا۔

☆ ڈرامے کو نشر کرنے کیلئے پنڈال میں 30X30 کی بڑی ڈیجیٹل اسکرین، پنڈال کے اطراف تین بڑی ڈیجیٹل اسکرین لگائی اور پنڈال میں موجود ہزاروں شرکاء نے ڈرامہ دیکھا۔

☆ ایم کیو ایم رابطہ کمیٹی کے رکن و ایم کیو ایم شعبہ اطلاعات کے انچارج پنڈال میں موجود صحافیوں سے فرداً فرداً مصافحہ کیا اور ان کو پروگرام کی کوورتج پر شکریہ ادا کیا۔

☆ ایم کیو ایم شعبہ اطلاعات کی جانب سے پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کے نمائندوں کو تحریکی جدوجہد پر مبنی ڈرامہ جہد مسلسل کی ویڈیو سی ڈی بھی دی گئی۔

☆ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی آمد کا اعلان ہوتے ہی متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن واسع جلیل نے فلک شگاف نعرے لگائے۔

☆ پنڈال کے بائیں جانب فنکاروں کیلئے گیلری بنائی گئی تھی۔ جہاں معروف ڈرامہ نگار فاطمہ ثریا بجیا، عمر شریف، انور اقبال، ایاز خان، اور رؤف لالہ سمیت ملک کے نامور فنکار بھی موجود تھے۔

## ایم کیوایم شعبہ اطلاعات پروڈکشن ٹیم کی جانب سے الطاف حسین کو یادگاری شیلڈ پیش کی

کراچی (اسٹاف رپورٹر)

ایم کیوایم شعبہ اطلاعات کے پروڈکشن ٹیم کی جانب سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کیلئے یادگاری شیلڈ پیش کی گئی۔ یہ شیلڈ جناب الطاف حسین کی جانب سے ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو ینیزز ڈاکٹر فاروق ستار اور انیس احمد قائم خانی نے مشترکہ طور پر وصول کی جبکہ یہ شیلڈ ڈامہ جہد مسلسل کے پروڈیوسر منصور احمد خان نے انہیں پیش کی۔

## تحریکی واصلاحی کھیل ''جہد مسلسل'' کی پیشکش ایم کیوایم ویڈیو سیکشن کے انچارج منصور احمد کی ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے شعبہ اطلاعات کی جانب سے تیار کردہ تحریکی واصلاحی کھیل ''جہد مسلسل'' کی پیشکش ایم کیوایم ویڈیو سیکشن کے انچارج منصور احمد کی ہے جبکہ اس کی ہدایت اسد ملک نے دی ہے۔ ایم کیوایم کے کیمونی کیشن میڈیا مینجمنٹ کے رکن کلیم زیدی نے اس کھیل کی کہانی تحریر کی ہے جبکہ اس کھیل کی موسیقی آئی زیک ترتیب دی ہے۔ دیگر فنکاروں میں فلم ٹی وی اور اسٹیج کے مایہ ناز فنکاروں خالد ظفر، شہزاد رضا، انور اقبال، عدنان جیلانی، فائق خان، اکبر خان، ریحانہ کلیم، پارس، ولی خان، راجہ شاہد علی اور فہد کے علاوہ چائلڈ اسٹار سفیان خان، شمیر خان اور ماہم منصور خان شامل ہیں۔ 45 منٹ طویل دورانیہ پر مشتمل اس کھیل کی عکسبندی محض 48 گھنٹوں میں مکمل کی گئی ہے۔

## ''جہد مسلسل''، فن وثقافت سے متعلق ایک بھرپور کوشش اور پریمیئر شو ایک تاریخی واقعہ اور عالمی ریکارڈ ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے شعبہ اطلاعات کے تحت تیار کردہ تحریکی واصلاحی ڈرامے ''جہد مسلسل'' کو فن وثقافت سے متعلق ناقدین نے ایک بھرپور کوشش اور کراچی سمیت ملک بھر کے 30 شہروں میں ہونے والے اس کے پریمیئر شو کو فن وثقافت کے حوالے سے ایک تاریخی واقعہ اور عالمی ریکارڈ قرار دیا ہے۔ ہفتے کے روز ڈرامے کے ملاحظہ کے بعد پی ٹی وی کے سابق ڈرامہ پروڈیوسر اقبال لطیف اور سینئر اداکار شہزاد رضا سمیت دیگر فنکاروں اور ماہرین نے ڈرامے کے حوالے سے آپس میں ہونے والی غیر رسمی گفتگو میں اس امر کا برملا اعتراف کیا ہے کہ پاکستان تو کیا دنیا کی تاریخ میں کسی فلم یا ڈرامے کے پریمیئر شو میں اس قدر بڑی تعداد میں جو مجموعی طور پر لاکھوں میں ہوگی عوام شریک ہوئے ہوں۔ یہ پریمیئر شو شائقین کی شرکت کے اعتبار سے بھی ایک انوکھا واقعہ ہے جس کی نظیر دنیا بھر میں نہیں ملتی یہ ایم کیوایم کے لیے ہی نہیں بلکہ پاکستان کیلئے بھی ایک بڑا اعزاز ہے۔

## رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب بخاری، واسع جلیل اور سلیم تاجک نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر کا دورہ کیا
## وادی ہنزہ کے متاثرین کیلئے قائم مرکزی امدادی کیمپ میں پیکنگ کے کاموں میں مصروف رضا کاروں سے ملاقات
## رابطہ کمیٹی کے ارکان نے امدادی اشیاء لیکر آنے والے افراد سے شکریہ کے ساتھ امدادی اشیاء وصول کیں

کراچی۔۔15 مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر شعیب بخاری، رابطہ کمیٹی کے ارکان واسع جلیل اور سلیم تاجک نے گزشتہ روز خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر کا دورہ کیا اور یہاں وادی ہنزہ میں بننے والی مصنوعی جھیل کے متاثرین کیلئے لگائے گئے مرکزی امدادی کیمپ کا دورہ کیا۔ مرکزی امدادی کیمپ میں متاثرین کی امداد کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی اپیل پر عوام کی جانب سے امدادی اشیاء اور نقد رقوم جمع کرائے جانے کا سلسلہ شروع ہوگیا ہے جس میں غذائی اجناس، خشک دودھ کمبل، جیکٹس اور دیگر اشیائے ضرورت شامل ہیں۔ رابطہ کمیٹی کے ارکان نے امدادی کیمپ میں امدادی اشیاء کی پیکنگ میں مصروف رضا کاروں سے ملاقات کی اور ان کے جذبہ خدمت کو سراہا۔ اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں امدادی اشیاء جمع کرانے والے افراد کا زبردست خیر مقدم کیا اور ان سے امدادی اشیاء شکریہ کے ساتھ وصول کیں۔ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں قائم کئے گئے ہنزہ متاثرین کے امدادی کیمپ میں عوام صبح 9 بجے سے **رات 9 بجے** تک امدادی اشیاء جمع کرا سکتے ہیں۔ بالخصوص مطلوبہ فون نمبر 36374882 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

## ڈاکٹر امرت کھتری کے بہیمانہ قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اعلیٰ سطحی تحقیقات کرائی جائے، رابطہ کمیٹی
## مقتول کے تمام سوگوار لواحقین سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔15 مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے سول اسپتال جیکب آباد کی رہائشی کالونی کے ماہر امراض قلب کے ڈاکٹر امرت کھتری کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے مطالبہ کیا کہ ڈاکٹر امرت کھتری کے بہیمانہ قتل کی واردات کا سختی سے نوٹس لیا جائے، قتل کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کرائی جائے اور اس میں ملوث سفاک ملزمان کو گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے۔ رابطہ کمیٹی نے ڈاکٹر امرت کھتری اور ان کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور انہیں صبر کی تلقین بھی کی۔

## ایم کیو ایم کے سابق صوبائی وزیر ایم اے جلیل کے چھوٹے بھائی اور سابق سٹی نائب ناظمہ محترمہ نسرین جلیل کے دیور محمد علی طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے
## ایم اے جلیل، محترمہ نسرین جلیل، محمد علی مرحوم کے بچوں اور تمام سوگوار لواحقین سے ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔15 مئی 2010ء

ایم کیو ایم سے تعلق رکھنے والے سابق حق پرست صوبائی وزیر ایم اے جلیل کے چھوٹے بھائی اور سابق سٹی نائب ناظمہ محترمہ نسرین جلیل کے دیور محمد علی طویل عرصہ علیل رہنے کے بعد آج کراچی کے مقامی اسپتال میں انتقال کر گئے۔ مرحوم کی عمر 53 سال تھی۔ وہ کافی عرصہ سے سرطان کے مرض میں مبتلا تھے۔ مرحوم کا ایک بیٹا اور دو بیٹیاں ہیں۔ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم اے جلیل کے چھوٹے بھائی محمد علی مرحوم کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے ایم اے جلیل، محترمہ نسرین جلیل، محمد علی مرحوم کے بچوں اور تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کا ہر کارکن آپ کے غم میں برابر کا شریک ہے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ محمد علی مرحوم کی مغفرت فرمائے، مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور تمام لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ دریں اثناء ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی نے بھی ایم اے جلیل کے چھوٹے بھائی اور محترمہ نسرین جلیل کے دیور محمد علی کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا اور مرحوم کیلئے دعائے مغفرت کی۔

## وادی ہنزہ میں بننے والی مصنوعی جھیل سے متاثرہ خاندانوں کیلئے مزید موثر اور مثبت اقدامات کئے جائیں، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔15 مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مطالبہ کیا ہے کہ وادی ہنزہ میں بننے والی مصنوعی جھیل کے متاثرین کے تحفظ اور ان کی آبادکاری کیلئے ٹھوس اور مثبت اقدامات کئے جائیں۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ وادی ہنزہ میں بننے والی مصنوعی جھیل کے سبب ہزاروں خاندان نقل مکانی کر چکے ہیں ان متاثرین کی رہائش، کھانے پینے اور دیگر ضروریات زندگی پوری کرنے پر توجہ دینا حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیو ایم وادی ہنزہ میں بننے والی جھیل کے متاثرین سے مکمل ہمدردی رکھتی ہے اور انسانیت کی خدمت کے جذبے کے تحت ہی اس کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن نے متاثرین کی امداد کیلئے سرگرمیاں شروع کر دی ہیں جبکہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے متاثرین کی بحالی کیلئے 10 لاکھ روپے عطیہ دیا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی اور گلگت بلتستان کے وزیر اعلیٰ سید مہدی شاہ سے پرزور مطالبہ کیا کہ مصنوعی جھیل سے متاثرہ خاندانوں کی ہر ممکن معاونت کی جائے اور اس سلسلے میں حکومتی سطح پر مزید موثر اور مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

## شاعرفہیم ردولوی،صوبائی وزیرسندھ منظوروسان کی خوشدامن اورایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر کے کارکن کے والد کے انتقال پررابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔15،مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے معروف شاعرفہیم ردولوی ،صوبہ سندھ کے صوبائی وزیرورکس اینڈ سروسزمنظوروسان کی خوشدامن اورایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر یونٹ 58 کے کارکن محمد عامر کے والدمحمد علی کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت لفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے ۔(آمین)

☆☆☆☆☆